Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | ہفتہ، 6 دسمبر 2025ء، 14 جمادی الثانی 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 240

پیرافورس کی شفافیت بڑھانے کیلئے باڈی کیم لگانے کا حکم

پیرافورس کیلئے الیکٹرک ویہکلز کا حکم، سٹیٹ دی آرٹ پیرا ٹریننگ سنٹر قائم کرنے کی اصولی منظوری، قانون ہر حال میں نافذ ہو مگر عوام کیساتھ رویہ ہمیشہ دوست، دوستانہ اور باعزت ہو: وزیراعلیٰ مریم نواز شریف

پیرافورس کا اچھا کام کر رہی ہے، عوام میں نیک نامی کمانے کیلئے نتائج پر توجہ دی جائے، عوام کیلئے سہولت اور خدمت کرنیوالوں کو تاریخ یاد کرتی ہے، پیرافورس کی کارکردگی، نگرانی اور اصلاحات پر بریفنگ، نئے فیصلے

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پیرا سے متعلق امور اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرِ صدارت پنجاب الفورسٹ اینڈ ریگولیٹر اتھارٹی سے متعلق خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پیرا فورس کی کارکردگی، نگرانی اور اصلاحات پر فل بریفنگ کی گئی اور نئے فیصلے بھی کیے گئے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پیرا فورس میں رشوت، بدسلوکی اور الزام کی کوئی گنجائش نہیں جس کیلئے ہر کارروائی اب کیمرے میں ریکارڈ کی جائے گی۔ (بقیہ نمبر 6)

اسرائیل کے ساتھ کسی قسم کا تعاون نہیں ہو رہا

جاسوسی یا ملٹری ویئر سے متعلق تمام رپورٹس محض قیاس آرائیاں ہیں، دفترِ خارجہ

سعودی عرب میں پاک افغان مذاکرات سے متعلق میڈیا رپورٹس کا علم ہے

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ شبیر احمد اعوان نے کہا ہے کہ اسرائیل کے ساتھ کسی قسم کا تعاون نہیں ہو رہا، جاسوسی یا ملٹری ویئر سے متعلق تمام رپورٹس محض قیاس آرائیاں ہیں، اسرائیل سے متعلق میڈیا رپورٹس بے بنیاد ہیں، پاکستان ایک (بقیہ نمبر 7)

بھائی میڈیا کو جھوٹ کے علاوہ کچھ نہیں آتا، وزیر اطلاعات

اڈیالہ کے باہر امن و امان کی صورتحال خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ بھارتی میڈیا کو جھوٹ کے علاوہ کچھ نہیں آتا، اڈیالہ جیل کے باہر امن و امان کی صورتحال خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں، جو بھی جیل روڈ (بقیہ نمبر 10)

وزیراعظم کی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو مبارکباد

قوم کی سلامتی کے نگہبان کے طور پر ان کی خدمات کا ہماری بہادر مسلح افواج کو مرکز حق میں فیصلہ کن فتح تک پہنچانے میں بنیادی کردار ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ملک کے پہلے چیف آف ڈیفنس فورسز سلامتی کے نگہبان کے طور پر ان کی تقرری پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قومی سلامتی کے نگہبان کسی کو اجازت نہیں (بقیہ نمبر 9)

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا پارلیمنٹ لاجز دورہ

انضافی فیملی سوئٹس منصوبے میں تاخیر کے باعث اراکین پارلیمنٹ کو رہائش کے سلسلے میں مشکلات کا سامنا ہے

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے جمعہ کی صبح پارلیمنٹ لاجز کا اچانک دورہ کرکے زیر تعمیر 104 انضافی فیملی سوئٹس اور سرونٹ کوارٹرز کے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 8)

ایف ایف سی کو کارپوریٹ ایکسی لینس ایوارڈ کا اعزاز

ایم اے جی کی جانب سے

ایوارڈ ایف ایف سی کی جانب سے ہیڈ آف انویسٹر ریلیشنز، سید عمران رضوی نے وصول کیا

ایف ایف سی اپنی صنعت میں قائدانہ مقام برقرار رکھنے، ترقی کو آگے بڑھانے اور نئے معیارات قائم کرنے کے عزم کی تجدید کرتی ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ایف ایف سی کو کراچی میں منعقدہ 40 ویں کارپوریٹ ایکسیلنس ایوارڈز تقریب میں مینجمنٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان (MAP) کی جانب سے بکھاد کے شعبے میں نویں مرتبہ بہترین کارپوریٹ ایکسیلنس ایوارڈ سے نوازا گیا۔ یہ ایوارڈ ایف ایف سی کے شاندار (بقیہ نمبر 1)

ہیڈ آف انویسٹر ریلیشنز، سید عمران رضوی ایم اے جی کی جانب سے ایف ایف سی کو ملنے والا کارپوریٹ ایکسیلنس ایوارڈ وصول کر رہے ہیں

ایک ذہنی مریض شخص اپنی ذات کا قیدی ہے جو سمجھتا ہے میں نہیں تو کچھ نہیں، اس کا بیانیہ قومی سلامتی کیلئے خطرہ ہے

ہم پاکستان کی کسی سیاسی سوچ کے عکاس نہیں، ترجمان پاک فوج

مسلح افواج ہیں

ذہنی مریض شخص یہاں بیٹھ کر افواج پاکستان کے خلاف باتیں کر رہا ہے، کہتا ہے میری پارٹی کا جو بندہ این ڈی یو میں گیا وہ غدار ہے، یہ سمجھتا ہے پاک فوج میں جو بندہ ہے وہ غدار ہے، ہم کیا سمجھتے ہو خود کو؟

ہم کون ہو جو غداری کے ٹیٹیکیٹ بانٹ رہے ہو، ذہنی مریض کی منطق کے مطابق جب بھارت نے حملہ کیا، یہ ہوتا تو سٹکول لے کر چل پڑتا کہ آؤ بات کرتے ہیں، یہ تو کہتا تھا خارجیوں کا پشاور میں دفتر کھول دیں

یہ چاہتے ہیں ان خارجیوں سے بات چیت کریں جو ہمارے بچوں کے قتل میں ملوث ہیں، آپ کی سیاسی شعبدہ بازی کا وقت ختم ہو چکا ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

اگر کوئی شخص اپنی سوچ کے تحت پاکستان کی فوج پر حملہ آور ہوتا ہے تو ہم بھی جواب دیں گے، پاک فوج کے خلاف عوام کو بھڑکانے کی اجازت نہیں دی جائے گی، ڈی جی آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) ترجمان پاک لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ ایک ذہنی مریض شخص اپنی ذات کا قیدی ہے جو سمجھتا ہے میں نہیں تو کچھ نہیں، اسکی سیاست ختم ہو چکی اب اس کا بیانیہ پاکستان کی قومی سلامتی کیلئے خطرہ ہے، ذہنی مریض شخص یہاں بیٹھ کر افواج پاکستان کے خلاف باتیں کر رہا ہے، کہتا ہے میری پارٹی کا جو بندہ این ڈی یو میں گیا وہ غدار ہے، یہ سمجھتا ہے پاک فوج میں جو بندہ ہے وہ غدار ہے، ہم کیا سمجھتے ہو خود کو؟ ہم کون ہو جو غداری کے ٹیٹیکیٹ بانٹ رہے ہو، ذہنی مریض کی منطق کے مطابق جب بھارت نے حملہ کیا، یہ ہوتا تو سٹکول لے کر چل پڑتا کہ آؤ بات کرتے ہیں، یہ تو کہتا تھا خارجیوں کا پشاور میں دفتر کھول دیں، یہ چاہتے ہیں ان (بقیہ نمبر 7)

فرانسیسی ادارہ برائے ترقی AFD کے وفد کا سی ڈی اے ہیڈ کا دورہ

وفد چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رند حاوا سے ملاقات، شہریوں کو صاف اور محفوظ پانی کی فراہمی بارے بریفنگ دی

ملاقات میں اے ایف ڈی کے وفد کے ساتھ پانی کے شعبے میں اصلاحات اور بہتری کے منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رند حاوا سے فرانسیسی ادارہ برائے ترقی، اے ایف ڈی (AFD) کے وفد سے سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں پانی سے متعلق مکمل منصوبوں میں معاونت کے حوالے سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں سی ڈی اے بورڈ کے ممبر ایڈمن طلعت محمود، ممبر پلاننگ و ڈیزائن ڈاکٹر (بقیہ نمبر 4)

چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رند حاوا سے فرانسیسی ادارہ برائے ترقی اے ایف ڈی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پنجاب میں موثر حکمت عملی کے تحت صنعتکاری کے عمل کو تیز کیا گیا

ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کار تیزی سے اپنے صنعتی یونٹس لگا رہے ہیں، شافع حسین

لاہور (این این آئی) بخاب انڈسٹریل اسٹیٹ ڈیولپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی کے زیر اہتمام صنعتکاروں کے ساتھ مکالمہ منعقد ہوا جس میں صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے خصوصی شرکت کی۔ چیئرمین پنڈ ٹک جاوید اقبال نے بخاب (بقیہ نمبر 11)

پاکستان اور افغانستان کے درمیان سعودی عرب میں مذاکرات

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور افغانستان کے درمیان سعودی عرب میں مذاکرات سے متعلق دفتر خارجہ نے لاعلمی کا اظہار کر دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ (بقیہ نمبر 2)

ایلیٹ فورس انچارج ساجد امیر کی ڈی پی او احمد محی الدین سے الوداعی ملاقات

چکوال پولیس میں پیشہ ورانہ خدمات اور مؤثر کمانڈ کو خراج تحسین

چکوال (نامہ نگار) ایلیٹ فورس چکوال کے انچارج ساجد امیر نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ (ر) احمد محی الدین سے ان کے الوداعی موقع پر خصوصی ملاقات کی۔ اس دوران ساجد امیر نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈی پی او کی پیشہ ورانہ رہنمائی، پولیس فورس کی استعداد (بقیہ نمبر 2 4)

ایلیٹ فورس انچارج ساجد امیر ڈی پی او احمد محی الدین کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں

تحصیل پر وآہیشہ محنتی ہنر مند نوجوانوں کی دھرتی ہے

پرواز کا چمکتا ستارہ کیڈٹ فیصل ابراہیم، کالج پراجیکٹ میں ریموٹ کنٹرول آپریٹڈ طیارہ بنا کر پہلی پوزیشن، سابق وزیراعظم اور کور کمانڈر پشاور کی شاباش، پرنسپل نے تعریفی سند سے نوازا گیا

پرواز (نمائندہ عوامی للکار) تحصیل پرواز ہمیشہ محنت، جذبہ اور لگن رکھنے والے نوجوانوں کی دھرتی رہی ہے، اور آج اس نے ایک اور باصلاحیت ستارہ دنیا کے سامنے پیش کیا ہے۔ میرے بھائی کیڈٹ کامرن کوہاٹ کے طالبعلم فیصل ابراہیم نے کالج کے سائنس کلب کے پراجیکٹ میں ایک شاندار ریموٹ کنٹرول ایئر کرافٹ "RC Red Bolt" تیار کر کے سب کو حیران کر دیا اور پہلی پوزیشن حاصل کی سابق وزیراعظم اور افواج کے کمانڈر پشاور کور (بقیہ نمبر 8)

پرواز کا چمکتا ستارہ کیڈٹ فیصل ابراہیم کالج پراجیکٹ میں ریموٹ کنٹرول آپریٹڈ طیارہ دکھا رہا ہے

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کل لاہور آئیں گے

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کل (اتوار) 7 دسمبر کو لاہور پہنچیں گے، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو 3 روز لاہور میں قیام کریں گے۔ بلاول بھٹو پیپلز پارٹی لاہور تنظیم کو فعال کرنے کے لئے نئے عہدیداروں کو نوٹیفکیشن جاری کریں گے۔ بلاول بھٹو لاہور میں قیام کے (بقیہ نمبر 9)

چیئرمین سی ڈی اے کی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے ملاقات

اسلام آباد چیمبر آف کامرس، برنس کمیونٹی اور تاجر برادری کے جائز مطالبات کو حل کرنے کیلئے ایک ورکنگ گروپ تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا

اسلام آباد کے سیکٹرز کے ساتھ مارکیٹس اور کمرشل مراکز کی اپ گریڈیشن پلان میں متعلقہ مراکز کی تاجر برادری کو بھی شامل کیا جائیگا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رند حاوا کی وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی، وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے سیاسی امور سردار یار لرالیاں، صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز، صدر آل پاکستان انجمن تاجران اور دیگر نمائندگان سے جمعہ کے روز کی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں آئی (بقیہ نمبر 2)

ہیڈ آف انویسٹر ریلیشنز، سید عمران رضوی ایم اے جی کی جانب سے ایف ایف سی کو ملنے والا کارپوریٹ ایکسیلنس ایوارڈ وصول کر رہے ہیں

مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، رفیق خواجہ سلیمان

مریم نواز نے ریکارڈ بیڈ کے علاوہ ہسپتالوں میں ادویات کے بقایاجات کی فوری ادائیگی کیلئے 2 ارب روپے کی خصوصی گرانٹ دی تھی

پنجاب کی میڈیکل یونیورسٹیز کے مالی معاملات میں سویلیسٹ شفافیت یقینی بنایا جا رہا ہے، راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی کا سینیٹ کمیٹی اجلاس

لاہور (این این آئی) محکمہ سیکنڈری اینڈ ہائر ایجوکیشن کے ماتحت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹیز میڈیکل ایجوکیشن لاہور میں راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی 19 ماں سینٹ کمیٹی اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت سہیلی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کی۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری وسیم اسلم سینٹ کمیٹی ضیاء اللہ شاہ اور رکن پنجاب اسمبلی راجہ حنیف نے شرکت کی۔ وڈیو لنک کے ذریعے چانسلر راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمد عمر طاہر (بقیہ نمبر 2 5)

پی ٹی آئی والے جن سے بات کرنے کو تیار ہیں وہ نہیں کرنا چاہتے

دونوں فریق آپس میں بات کریں اور ایک نکتے پر اتفاق کریں، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے دو مرتبہ ایوان میں اپوزیشن کو بات چیت کا کہا ہے، وزیراعظم نے تمام نکات پر اتفاق رائے کا کہا اور بات کرنے کی دعوت دی، دونوں فریق آپس میں (بقیہ نمبر 1 3)

کراچی میں ایک اور بچی کھلے گٹر میں گر گئی، راہ گیرنے بروقت باہر نکال لیا

کراچی (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کراچی میں ایک اور بچی کھلے گٹر میں گر گئی، جائے حادثہ سے گزرنے والے راہ گیر نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 4)

جسٹس طارق محمود جہانگیری کی ڈگری کا ریکارڈ طلب

کراچی یونیورسٹی کے مجاز افسر کو بھی اسلام آباد ہائیکورٹ میں پیش ہونے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ مطالبہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے جسٹس طارق جہانگیری کے خلاف کیس 9 کروڑ دو ہزار سماعت کیلئے مقرر کر دیا ہے، چیف جسٹس سرفراز ڈگر اور جسٹس اعظم خان پر (بقیہ نمبر 2 0)

گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری اسکول چوآ سیدن شاہ میں ٹریفک آگاہی سیمینار

ڈی ایس پی چوآ سیدن شاہ کی زیر نگرانی طلبہ میں روڈ سٹی شعور اجاگر کرنے کا مؤثر اقدام

چوآ سیدن شاہ (نامہ نگار) چوآ سیدن شاہ میں ٹریفک حادثات کی روک تھام اور شہریوں میں روڈ سٹی شعور بیدار کرنے کے لیے ایک اہم قدم اٹھایا گیا، جہاں ڈی ایس پی سرکل سجاد حسین کی سربراہی میں گورنمنٹ کالج فار بوائز اور گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری اسکول چوآ سیدن شاہ میں ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں ڈی ایس (بقیہ نمبر 2 1)

چوآ سیدن شاہ میں ٹریفک حادثات کی روک تھام کیلئے آگاہی فراہم کی جا رہی ہے

محنت کش ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، ان کی فلاح اولین ترجیح ہے

وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین

دو صنعتی مزدور اتحاد، یونی پاکستان انٹرنیشنل لیبلز اور ٹیکسٹیز گروپ مزدور یونین کے عہدیداران پر مشتمل وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے تھے

محنت کش ہمارے حقیقی ہیرو ہیں جو اپنے خون پسینے کی کمائی سے پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کا سفر آگے بڑھا رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ محنت کش طبقہ ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور ان کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ دو صنعتی مزدور اتحاد، یونی پاکستان انٹرنیشنل لیبلز اور ٹیکسٹیز گروپ مزدور یونین کے عہدیداران پر مشتمل وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے تھے۔ وفد (بقیہ نمبر 3)

صنعتی مزدور اتحاد، یونی پاکستان انٹرنیشنل لیبلز اور ٹیکسٹیز گروپ کے عہدیداران وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین سے ملاقات کے بعد یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

اسکولوں میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس، روبوٹکس کی تعلیم کا فیصلہ

حکومت پنجاب نے سرکاری اسکولوں کیلئے جدید لیبز قائم کرنا شروع کر دیں

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سرکاری اسکولز کے طلباء کو آرٹیفیشل انٹیلی جنس اور روبوٹکس کی تعلیم دینے کے لئے جدید لیبز قائم کرنا شروع کر دیں۔ لاہور کے سرکاری اسکولز کے طلباء اب پروجیکٹ کی کامیابی (بقیہ نمبر 2 6)

8 جنوری کو صحافیوں کے گرینڈ کنونشن کی تیاریاں شروع

بدلتے ہوئے ملکی حالات کے تناظر میں تمام صحافتی تنظیموں اور صحافی برادری کا ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکا ہے

یہ کنونشن پاکستان کی صحافتی تاریخ کا ایک سنگ میل ثابت ہوگا، جس میں ملک بھر سے صحافتی تنظیموں کے نمائندے شرکت کریں گے، محمد فرقان سلطان

ایبٹ آباد (ذیشان نذیر اعوان سے) حویلیاں آل پاکستان صحافت کونسل کے بانی چیئرمین محمد فرقان سلطان نے کہا ہے کہ بدلتے ہوئے ملکی حالات کے تناظر میں تمام صحافتی تنظیموں اور صحافی برادری کا ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافت کے مسائل، صحافیوں کے حقوق، آزادیٔ اظہار کے تقاضوں اور پروفیشنل ازم کے فروغ کے لیے اجتماعی جدوجہد کے بغیر مؤثر نتائج حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ گرینڈ کنونشن میں چیئرمین محمد فرقان سلطان نے آل پاکستان صحافت کونسل تحصیل حویلیاں و ایبٹ آباد کے عہدیداران، جن میں (بقیہ نمبر 5)

آل پاکستان صحافت کونسل کے قائد و بانی محمد فرقان سلطان حویلیاں آمد کے موقع پر گروپ فوٹو

کندھ کوٹ میں ایس یو پی کی بڑی امن ریلی

جرگل اور گل حسن کے قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ، قبائلی جھگڑے ختم کرنے پر زور

رپورٹ کندھ کوٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ میں ایس یو پی کی جانب سے امن اور عوامی تحفظ کے حق میں بڑی ریلی نکالی گئی، جس میں علاقے میں بڑھتی ہوئی بدامنی، قبائلی جھگڑوں اور قتل و غارت کے واقعات کے خلاف شدید احتجاج کیا گیا۔ مظاہرین نے (بقیہ نمبر 2 2)

کسانوں کو گنے کی قیمت ادا نہ کرنے پر جرمانے اور فیصل آباد کی 3 شوگر ملیں سیل

حکومت پنجاب کی جانب سے کرشنگ سیزن کی کڑی نگرانی کی جاری، کین کمشنر پنجاب

لاہور (این این آئی) کین کمشنر پنجاب احمد حفیظ نے کہا ہے کہ پنجاب کی تمام شوگر ملوں جن کی تعداد 41 ہے نے گنے کی کرشن کا آغاز کر دیا ہے اور اب تک 78 لاکھ 71 ہزار 200 ٹن 44 میٹرک ٹن گنے کی کرشنگ عمل ہو چکی ہے اور اس کرشنگ سے 2 لاکھ (بقیہ نمبر 2 3)

کاروٹرالر کے درمیان تصادم، بچی سمیت 2 افراد جاں بحق

صفدر آباد (این این آئی) سوڑ سے اٹو جانیوالے خاندان کو کاروٹرالر کے درمیان تصادم کے نتیجے میں دو سالہ بچی سمیت 2 افراد جاں بحق ہو گئے (بقیہ نمبر 6)

جعلی خاتون ڈاکٹر گرفتار، ملزمہ نے اعتراف جرم کر لیا

ملزمہ ڈاکٹر بن کر شہریوں سے ہزاروں روپے بٹور چکی ہے، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

لاہور (این این آئی) کوٹ لکھپت پولیس نے جنرل ہسپتال سے جعلی خاتون ڈاکٹر کو گرفتار کر لیا، ملزمہ جنرل ہسپتال میں ڈاکٹر بن کر شہریوں سے رشوت وصول کر رہی تھی، اے ایس پی کشمالہ فاروق کے مطابق ریکارڈ بیک کرنے پر معلوم ہوا کہ ملزمہ سوہنی بی ڈاکٹر نہیں (بقیہ نمبر 15)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی سچی صحافت کا علمبردار
ABC
Regd. No. RWP/PP/1/2/2/2

1 بقیہ

کارپوریٹ کورٹس، موثر انتظامی طریقہ کار، صنعتی بہت، اور اصلی پاکستان کیلئے مستقل قرد اور فوائی کی بصیرت کا اعتراف ہے، وہ خصوصیات جو کچھ کی آغاز سے ایف ایف سی کا امتیاز رہی ہیں۔ یہ کامیابیاں ایف ایف سی کے پروڈاکٹ ڈائریکٹر ایسوسیٹ فرخ قوت اور امام کی قیادت میں ڈی ای او، جناب جہانگیر پراچہ کی سربراہی میں مینجمنٹ بورڈ کی محنت، لگن اور استقامت کا عکاس ثبوت ہیں۔ ایف ایف سی اور استقامت کا عکاس ثبوت ہیں۔ ایف ایف سی کی بصیرت اور استقامت کا عکاس ثبوت ہیں۔ ایف ایف سی کی ایک ایسی صنعت میں قائدانہ مقام پر فرار کے، جو ترقی آگے بڑھانے اور نے معیارات قائم کرنے کے عزم کی تجدید کرتی ہے۔

2 بقیہ

ضلع اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی، ڈی پی او ایبوٹ کے امریکن طلعت محمود، ممبر انفارمیشن سید نفاست رضا، ممبر لاٹ و دیہاتی ڈاکٹر خالد حفیظ، ممبر انورسند استاد بلوچ، ڈی پی او اسلام آباد کرقان اور نیس سمیت دیگر سینئر نے بھی شرکت کی۔ شرکا نے کہا کہ اسلام آباد میں پولیس کیلئے، انٹیرز اور مارکیوں سے متعلقہ مسائل کے حل کے حوالے سے جاندار خیال پیش کیا گیا۔ ڈی پی او اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد میں مسائل کے حل کیلئے متعلقہ اسلام آباد میں مسائل کا مکمل ہم ہاتھ پر اتفاق کیا گیا۔ اسلام آباد چیمبر آف کامرس، بزنس کونسل اور تاجر برادری کے مطالبات کو مکمل توجہ دی گئی اور ایک ورنگ گروپ تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس موقع پر ماہ کے پہلے ہفتے میں باقاعدہ فالو اپ میٹنگز کا انعقاد کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ فالو اپ میٹنگز کے انعقاد کا مقصد مختلف مسائل کے حل پر پیشرفت کا جائزہ لیا جائے گا۔ چیمبر میں ڈی پی او اسلام آباد کے سیکٹرز کے سائیڈ مارکس اور کرشن مراکز کی آپریشن میں ڈی پی او اسلام آباد کی تجاویز اور کوئی مسائل کو حل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ورنگ گروپ تشکیل دینے کا مقصد مسائل کو ریوائز کرنا اور کوئی اور کارروائیوں سے ہر طرح کے ظلم کو روکنا ہے۔ چیمبر میں ڈی پی او نے کہا کہ چیمبر کے ساتھ مسائل سے متعلق اور اہم امور پر اسلام آباد میں تمام ترقیاتی کام اسلام آباد سے ہونے چاہئیں۔ ڈی پی او نے کہا کہ ٹریفک کو کنٹرول کیلئے ریکارڈ کی ڈیجیٹل ٹریننگ کا عمل جاری ہے اور کیش لیس نظام بھی جلد ہی شروع کیا جا رہا ہے۔ چیمبر میں کیونکہ سیاحت چیمبر اور کیش لیس نظام کی ترقی کیلئے بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ذاتی طور پر مرکز آنا، مارکیٹس کا دورہ اور کیش کے حالات کو دیکھنا ہوں سائل کیلئے تمام تر کوششیں کی جائیں گی۔ حالات میں ڈی پی او نے کہا کہ ہر جرائم کی روک تھام کیلئے ہم ہر طرح کے اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم کسی کو بھی ہراساں کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ ڈی پی او نے کہا کہ ہم کسی کو بھی ہراساں کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ چیمبر میں ڈی پی او نے کہا کہ ہر جرائم کی روک تھام کیلئے ہم ہر طرح کے اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم کسی کو بھی ہراساں کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔

راولپنڈی میں غیر قانونی لنڈا بازاروں کا سیلاب

سڑکیں، رش اور پاتھ اور خالی جگہیں سب قبضے میں، جمعہ، ہفتہ، اتوار بازار صرف نام، اصل میں بے قابو پھیلاؤ

بے ہنگم رش، ٹریفک جام اور حادثات کا خطرہ، مقامی انتظامیہ کی خاموشی پر شہری برہم، اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) شہر بھر میں غیر قانونی لنڈا بازاروں نے مقامی انتظامیہ کی مرکز توجہ کو مکمل طور پر یرغمال کر دیا ہے۔ گرجا روڈ، کالری روڈ، چکرا روڈ، کمرہ روڈ اور ڈالہ روڈ پر جمعہ بازار، ہفتہ بازار اور اتوار بازار کے نام پر لگنے والے یہ بازار نہ صرف سڑکوں کے کنارے بھیل گئے ہیں بلکہ سڑک کے کنارے خالی پڑی جگہوں پر بھی باقاعدہ مستقل اور کھائیں سجادی جاتی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ان بازاروں کے قیام پر لگنے والے یہ بازار تو مقامی انتظامیہ کا کوئی اجازت نامہ موجود ہے اور نہ ہی کسی سرکاری محکمے نے انہیں کوئی منظوری دی ہے۔ اس کے باوجود یہ (بقیہ نمبر 2 پر)

نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کے بیٹے کے ہمراہ داتا دربار آمد

داتا دربار پر جاری ترقیاتی امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی

لاہور (این این آئی) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے اپنے بیٹے کے ہمراہ داتا دربار پر حاضری دے کر قاتحہ خوانی کی۔ نائب وزیر اعظم کو داتا دربار پر جاری ترقیاتی امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ انہیں دربار کے فرخت پر حکومت پنجاب نے اپنے بیٹے کے ہمراہ داتا دربار پر حاضری دے کر قاتحہ خوانی کی۔ نائب وزیر اعظم کو داتا دربار پر جاری ترقیاتی امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ انہیں دربار کے فرخت پر حکومت پنجاب کے منصوبے سے بھی آگاہ کیا گیا۔ منصوبہ اوقاف اور اربی ڈی اے کے اشتراک سے 2.5 ارب کی لاگت سے مکمل ہو گا۔ (بقیہ نمبر 2 پر)

مظفر آباد، چیف جسٹس آزاد کشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان، آڈیٹر جنرل آف پاکستان مقبول احمد گوندل سے آڈیٹر جنرل آف آزاد کشمیر کے عہدے کا حلف لے رہے ہیں

سال 2025 کی آخری انسداد پولیو مہم 15 دسمبر سے شروع ہوگی

ساڑھے چار کروڑ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائینگے

لاہور (این این آئی) سال 2025 کی آخری قومی پولیو مہم 15 دسمبر سے شروع ہوگی۔ وزارت صحت کے مطابق قومی پولیو مہم 15 سے 21 دسمبر کے دوران (بقیہ نمبر 2 پر)

مسلم لیگ (ن) کے رہنما عابد شیر علی کو ڈینگی ہو گیا

صحت کی خرابی کے باوجود سینیٹ کی نشست پر مخفی انتخاب کیلئے کاغذات نامزدگی جمع کرائے

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما سابق وزیر مملکت عابد شیر علی ڈینگی کا شکار ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق عابد شیر علی ملازمت کے لئے اتفاق ہسپتال لاہور میں داخل ہو گئے ہیں۔ ڈاکٹر کی رپورٹ کے مطابق عابد شیر علی کو ڈینگی ہو گیا ہے۔ جمعہ کو سینیٹ اجلاس ہوا۔ ملک کی سینیٹ کی نشست (بقیہ نمبر 4 پر)

چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری و سربراہ سندھ خدا رحم مغل بیٹھے ہوئے ہمراہ ایمرجنسی آئی سی یو ڈی کے نئے تعمیر ہونے والے ایمرجنسی بلاک کا افتتاح کر رہے ہیں

انٹرنیشنل والنٹیرز ایمرجنسی سروسز اکیڈمی میں اختتام پذیر

سرٹ چیلنج 2025ء

پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی ٹیم کو 3 لاکھ، دوسری کو 2 لاکھ اور تیسری پوزیشن والی ٹیم کو 1 لاکھ کیش پرائز دیا گیا

والنٹیرز امن اور انسانیت کی خدمت کو دنیا بھر کے مذاہب میں عظمت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر برائے ایمرجنسی سروسز خواجہ سلمان رفیق نے انٹرنیشنل والنٹیرز ڈے سرٹ چیلنج 2025 میں جیتنے والی ٹیم کو مبارکباد دی۔ وہ گزشتہ روز ایمرجنسی سروسز اکیڈمی میں منعقدہ انٹرنیشنل والنٹیرز ڈے سرٹ چیلنج کی تقسیم کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شریک تھے۔ ملتان کی کمیونٹی ایمرجنسی ریسپانس ٹیم نے انٹرنیشنل (بقیہ نمبر 3 پر)

پی پی 289 ڈی جی خان 4 میں ضمنی انتخاب کا شیڈول جاری

کاغذات نامزدگی جمع کرانے کا آغاز 10 دسمبر، پولنگ 25 جنوری کو ہوگی، الیکشن کمیشن

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پی پی 289 ڈی جی خان 4 میں ضمنی انتخاب کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق حلقے میں پولنگ 25 جنوری کو ہوگی، کاغذات نامزدگی جمع کرانے کا آغاز 10 دسمبر سے ہوگا۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ کاغذات نامزدگی کی جانچ 13 دسمبر کو ہوگی جبکہ کاغذات نامزدگی کی جانچ جاری کی گئی تاریخ 18 دسمبر ہے، اپیلیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 22 دسمبر ہوگی اور اپیلوں پر فیصلے 29 دسمبر تک ہوں گے۔

ملک میں کاروں کی درآمدات میں 30.78 فیصد اضافہ

جولائی تا اکتوبر درآمدات کی مالیت 113 ملین ڈالر تک پہنچ گئی

اسلام آباد (این این آئی) رواں مالی سال 2025-26 کے پہلے 4 ماہ کے دوران ملک میں کاروں کی درآمدات میں 30.78 فیصد اضافہ ہوگیا۔ پاکستان بیورو آف شماریات کے جاری اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال جولائی تا اکتوبر 2025ء کے دوران کاروں کی درآمدات کی مالیت 113 ملین ڈالر تک پہنچ گئی جبکہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصہ میں جولائی تا اکتوبر 2024ء کے دوران کاروں کی درآمدی مالیت 86.4 ملین ڈالر رہی تھی۔

پاکستان، انڈس ڈولفن کے تحفظ کیلئے نئی حکمت عملی کی تیاری شروع

وفاقی و صوبائی محکمے تحقیقی ماہرین، ماحولیات کے کارکن اور مقامی کمیونٹیز شامل ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں انڈس ڈولفن کے تحفظ کیلئے نئی قومی حکمت عملی کی تیاری شروع کر دی گئی جس میں ڈبلیو ڈبلیو ایف سمیت وفاقی و صوبائی محکمے تحقیقی ماہرین، ماحولیات کے کارکن اور مقامی کمیونٹیز شامل ہیں۔ مجوزہ پانچ سالہ ایکشن پلان کا مقصد اس نایاب میٹھے پانی کی ڈولفن کے تحفظ، اس کی آبادی کے استحکام سمیت قدرتی مسکن کی بحالی (بقیہ نمبر 3 پر)

ہاؤسنگ سٹیٹیوں کی بڑی تعداد پنجاب ریونیو اتھارٹی کا نمائندہ نکلی

بلڈرز خالد ہاؤسز کی متعدد بڑے ہوٹلز، فوڈ چینز اور ریسٹورنٹس کے بڑے پیمانے پر سیل ریکارڈ میں خرد برد کا انکشاف

چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی محمد اقبال سپرا کی زیر صدارت اجلاس میں حکام کی بریفنگ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں عرصہ دراز سے ٹیکس نادہندہ سیکٹر کی نشاندہی۔ چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی محمد اقبال سپرا کی زیر صدارت اجلاس ہوا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ہاؤسنگ سوسائٹیوں، بلڈرز، فارم ہاؤسز کی بڑی تعداد پنجاب ریونیو اتھارٹی کی نادہندہ نکلی۔ متعدد بڑے ہوٹلز، فوڈ چینز اور ریسٹورنٹس کے بڑے پیمانے پر سیل ریکارڈ میں خرد برد بھی انکشاف ہوا۔ چیئرمین پی آر اے محمد اقبال سپرا نے کمشنر لاہور ڈویژن کو تمام ریونیو اتھارٹی کی ریجنل و لوکل ٹیکس اتھارٹیز کے فوٹس جاری کرنے کی ہدایت کر دی۔ (بقیہ نمبر 8 پر)

لاہور: ایک جھیل جیلانی پارک میں گل داؤدی کی نمائش دیکھ رہی ہے

ویمن کالج کی پرنسپل پر سنگین نوعیت کے الزامات عہدے سے ہٹا دیا گیا

یونیفارم، دوپٹوں کی غیر قانونی فروخت، کینٹین کے ٹینڈر میں ہیرا پھیری، غیر قانونی جرمانے اور اضافی فیس وغیرہ کے سنگین الزامات

لاکھوں روپے کا کمائی فروخت کر کے پیسے کالج اکاؤنٹ میں جمع کروانے کے بجائے اپنے ذاتی اکاؤنٹ میں جمع کروائے درخواست گزار کا دعویٰ

گوجرخان (قمر شہزاد) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج برائے خواتین کی پرنسپل پر مختلف الزامات کے تحت ایکشن پنجاب نے کارروائی کرتے ہوئے انہیں کالج کے عہدے سے ہٹا کر پولیس کے حوالے کر دیا۔ درخواست گزار نے پرنسپل گرلز کالج پر اپنی درخواست میں گورنمنٹ ویمن ڈگری کالج برائے خواتین، 13 ملہاں گرفتار، 130 لیٹر سے زائد شراب برآمد کی زیر صدارت پرنسپل کالج کی کمائی فروخت، کینٹین کے ٹینڈر میں ہیرا پھیری، غیر قانونی جرمانے اور اضافی فیس وغیرہ کے سنگین الزامات کے پرنسپل کے خلاف یونیفارم اور دوپٹوں کی غیر قانونی فروخت، راولپنڈی کالج کے ڈائریکٹر کی پرنسپل کے ساتھ ہنوخوانی، کینٹین کے ٹینڈر میں ہیرا پھیری، غیر قانونی (بقیہ نمبر 5 پر)

لاہور: نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان بیگرٹ لاہور چیمبر کے دورے کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں صدر لاہور چیمبر عبدالرحمٰن منگل و دیگر عہدیداران بھی موجود ہیں

اقراء کنول کاڈی کی بھائی کی ذہنی حالت کے بارے میں انکشاف

اسوقت ڈی کی بھائی ایسی ذہنی حالت میں نہیں جو لوگوں سے مل سکیں، انہیں وقت چاہیے

لاہور (این این آئی) جو ایپ جس میں حال ہی میں رہائی پانے والے ڈی کی بھائی کے خاندانی دوست اور بزنس پارٹنر اقراء کنول اور اریب پرویز نے میڈیا بارٹیوبر کی ذہنی اور نفسیاتی کیفیت پر بات کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سام لوگ حقیقت نہیں جانتے۔ ہم نے ڈی کی اور عورت دونوں سے بات کی ہے۔ وہ اس وقت ایسی ذہنی حالت میں نہیں ہیں کہ لوگوں (بقیہ نمبر 6 پر)

کورم کی وجہ سے پنجاب اسمبلی اجلاس ملتوی ہونے کی ہیٹرک

ایوان میں عاصم منیر کو پہلے چیف ڈیفنس آف فورسز بننے پر خراج تحسین پیش

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی برھی بھی کام پر نہ رکھا سکی، کورم پورا نہ ہونے کی وجہ سے پنجاب اسمبلی کے اجلاس کو ملتوی کرنا پڑ گیا۔ پنجاب اسمبلی کا اجلاس گزشتہ روز کی مقررہ وقت کی بجائے 2 گھنٹے کی تاخیر سے بیشل رکن جانب سے سید عاصم منیر کو پہلے چیف ڈیفنس آف فورسز بننے پر خراج تحسین پیش کیا جبکہ اپوزیشن نے بانی پی پی آئی کو سازشی کہنے پر شور شرابہ کیا۔ پنجاب اسمبلی کا اجلاس گزشتہ روز کی مقررہ وقت کی بجائے 2 گھنٹے کی تاخیر سے بیشل آف چیئرمین سپیکر ملک محمد احمد خان (بقیہ نمبر 7 پر)

ماہانہ گیارہویں شریف کی محفل کا انعقاد جنرل سٹینڈ میں کیا گیا

محفل زیر صدارت پیر سید سعید احمد شاہ اور چیئرمین خوشیہ میلاد کمیٹی ایم شفیق ناز کے زیر اہتمام منعقد ہوئی

ستائیسویں گیارہویں شریف کی محفل میں تاجر برادری اور دیگر دوستوں نے خصوصی شرکت کی آخر میں لنگر تقسیم کیا گیا

سی پی او اسید خالد ہمدانی تھانہ جسمال میں محفل پھجری کے دوران شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

گوجرخان (قمر شہزاد) ہر ماہ کی طرح اس مہینے بھی جنیر میں خوشیہ میلاد کمیٹی ایم شفیق ناز کے زیر اہتمام ماہانہ گیارہویں شریف کی ستائیسویں پُر وقار محفل زیر صدارت پیر سید سعید احمد شاہ کے جنرل ہیں سٹینڈ میں منعقد ہوئی۔ محفل کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جسکی سعادت حافظ اکرام نے حاصل کی، نعت رسول مقبول ﷺ گلفراز چشتی اور نعتیہ نعت خواں زین قادری نے پڑھیں جبکہ خطابت کے فرائض محمود قادری نے انجام دیئے۔ پیر سید سعید احمد شاہ نے محفل کے اختتام پر ملک و قوم (بقیہ نمبر 8 پر)

ملک بھر میں چینی مزید سستی ہو گئی

گزشتہ ہفتے چینی 6 روپے 28 پیسے فی کلو سستی ہوئی، ادارہ شماریات

لاہور (این این آئی) ادارہ شماریات نے ملک کے مختلف شہروں میں چینی کی ریٹیل قیمتوں میں تحقیق جاری کر دی، جس کے مطابق گزشتہ ہفتے کے دوران چینی 6 روپے 28 پیسے فی کلو سستی ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق مختلف شہروں میں چینی (بقیہ نمبر 9 پر)

دو افراد کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر سی پی او راولپنڈی کا نوٹس

سید خالد ہمدانی کا ایس پی صدر سے رپورٹ طلب، ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا

راولپنڈی (این این آئی) گوجرخان میں شادی پر ویڈیو بنانے کی بنا پر فائرنگ سے دو افراد کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے ایس پی صدر سے رپورٹ طلب کی۔ ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا ہے ایس پی گوجرخان، ایس (بقیہ نمبر 5 پر)



سی پی او سید خالد ہمدانی تھانہ کورس میں محفل پھجری کے دوران شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

اشتہاری مجرم پولیس کو چکما دیکر فرار جبکہ چودہ جواری گرفتار

داو پر لگی رقم 27 ہزار 980 روپے، 16 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد

گوجرخان (قمر شہزاد) اے ایس پی سید دانیال حسن کی زیر نگرانی ایس ایچ او مرزا ایوب شہزیب کی سربراہی میں پولیس تھانہ گوجرخان کا جواریوں، منشیات فروشوں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری۔ گوجرخان پولیس کو محمد خان کے اطلاع دی کہ اشتہاری مجرم وجید آزاد خان اس وقت موضع جولی راجہ طارق مرحوم وارڈ نمبر 8 میں موجود ہے اگر بروقت کاروائی کی جائے تو پکڑا جا سکتا ہے اطلاع کو معقول جانتے ہوئے پولیس تھانہ گوجرخان نے ریڈ کیا تو اشتہاری مجرم (بقیہ نمبر 5 پر)

بزرگ شہری کو قتل کرنے والے 2 اشتہاری گرفتار

اشتہاری نمبر 202 سے پولیس کو مطلوب تھے، 4 ساتھیوں کو قبل ازیں گرفتار کیا جا چکا ہے

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ چکری پولیس نے سابقہ دشمنی پر فائرنگ کر کے بزرگ شہری کو قتل کرنے والے 2 اشتہاری گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ چکری پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ساتھ دشمنی پر فائرنگ کر کے بزرگ شہری کو قتل کرنے والے 2 اشتہاری نمبر 202 سے پولیس کو مطلوب تھے، چکری پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا، اشتہاری نمبر 202 کے 4 ساتھیوں کو قبل ازیں گرفتار کر لیا جا چکا ہے۔ ایس ایچ او سردار اکرم ضیر نے کہا کہ اشتہاریوں کو خوف شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035

راولپنڈی، ایس ایس پی انوسٹی گیشن راجہ ناصر کی زیر صدارت میٹنگ

تھانوں کے محرر سٹاف کی کارکردگی کا جائزہ لیا، مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کیے جائیں

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹیگیشن راجہ ناصر کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں میٹنگ کا انعقاد۔ میٹنگ میں ڈی ایس پی لیگل، اچارج برانچز، ریڈرز سمیت (بقیہ نمبر 4 پر)

پارکنگ میں کھڑی گاڑیوں سے قیمتی اشیاء چرانیوالا دو رکنی گینگ گرفتار

گینگ، موٹر سائیکل چوری اور چوری کی بھینس وارداتوں میں ملوث و مطلوب تھا

راولپنڈی (این این آئی) کینٹ پولیس نے پارکنگ میں کھڑی گاڑیوں سے قیمتی اشیاء چرانے والے دو رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگ موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں کے مطابق کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے گینگ کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق کینٹ پولیس کے ایس ایچ او سردار محمد ملہی کو تحریری طور پر اطلاع ملی کہ ایک ملزم اپنی بیٹی کے ہمراہ پکنک پوائنٹ پر پکنک منانے آیا ہوا ہے اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ہے۔ ذرائع کے مطابق گاڑی کے ہمراہ ملزم کی بیٹی بھی موجود تھی۔ ملزم کو پارکنگ میں کھڑی گاڑیوں سے قیمتی اشیاء چرانے کا عادی بتایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزم کی گرفتاری کا جائزہ لی